پاکستان: جولین پیٹر میجر جنرل ہو گئے ہیں۔

پاکستان آرمی کے بریگیڈیر کمانڈر (انفنٹری) جولین پیٹر ۱۸ اپریل ۱۹۹۳ء سے میجر جنرل ہو گئے ہیں۔ "وہ ان دنوں پاکستان کے پہلے مسیحی کمانڈر کی حیثیت سے نیشنل ڈیفنس کالج میں ایک سال کے کورس پر ہیں۔ میجر جنرل جولین پیٹر قیام پاکستان کے بعد پہلے پاکستانی مسیحی ہیں جنہیں میجر جنرل کے عہدے پر ترقی دی گئی ہے۔"

میجر جنرل جولین پیٹر ۱۹۴۶ء میں جی-ایم-پیٹر کے ہاں لاہور میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے لاہور اور راولپنڈی کے مسیحی تعلیمی اداروں میں تعلیم پائی۔ گورڈن کالج سے انٹرمیڈیٹ کرنے کے بعد فوج میں شامل ہوئے۔ دورانِ ملازمت میں بریگیڈیر کمانڈر کی حیثیت سے پہلے لاہور اور بعد ازاں سیالکوٹ میں فرائضِ منصبی انجام دیتے رہے۔

واضح رہے کہ میجر جنرل جولین پیٹر، لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) جاوید جلال الدین کے برادرِ نسبتی ہیں۔ (پندرہ روزہ "شاداب" - لاہور، ۳۱ مئی ۱۹۹۳ء)

یورپ / امریکہ

سیاہ فام امریکی اسلام قبول کر رہے ہیں اور سیاہ فام مسیحی مبشّر مسیحیت کے AFROCENTRIC نقطۂ نظر کی جانب راغب ہیں۔

امریکہ کی سیاہ فام آبادی میں کئی برسوں سے افریقی رنگ و نسل کو بنیادی اور مرکزی اہمیت دینے کی تحریک چل رہی ہے۔ یہ لوگ محسوس کرتے ہیں کہ سفید فام معاشرے میں اُن کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ سیاہ فاموں کی تاریخ، فن اور ثقافت کے بارے میں آج کتابیں اتنی مقبول ہیں کہ پہلے کبھی نہ تھیں۔ سیاہ فام آبادی خدا سے اپنے لگاؤ کو یورپی نسل پرستی کے شائبے تک سے پاک دیکھنا چاہتی ہے۔

اس صورت حال کا ایک نتیجہ اسلام میں ازسرِ نو دلچسپی کی صورت میں نکلا ہے جو سیاہ فام انقلابی، میلکم ایکس کا مذہب ہے۔ میلکم ایکس دسمبر ۱۹۹۲ء میں پیش کی جانے والی ایک فلم کا موضوع بھی ہے جو سپائک لی نے تیار کی ہے۔